تھوڑا تھوڑا

Author: Anupa Lal
Illustrator: Ajit Narayan
Translator: Faiyaz Ahmed

ٹلّو اور بُلّو اور دو جڑواں خرگوش تھے۔ دونوں ایک جنگل میں
رہتے تھے۔ پورا جنگل جنگلی جانوروں سے بھرا ہوا تھا۔ ٹُلّو
اور بُلّو نے اپنے لئے ایک مضبوط گھر بنایا تھا اور اسی میں
آرام وسکون سے اپنی زندگی گزار رہے تھے۔ سردی کی ایک
شام دونوں آگ تاپ رہے تھے تاکہ خود کو گرم رکھ سکیں۔
تبھی دروازے پر دستک ہوئی۔
ایک بڑا بھیڑیا تھا۔

''میں ٹھنڈ سے مر رہا ہوں!'' بھیڑیے نے زور سے کہا ''مہربانی کر کے تھوڑا دروازہ کھول دو تاکہ میں اپنی دُم کو گرم کر سکوں۔ میں تمہیں نقصان نہیں پہنچاؤں گا۔ میں وعدہ کرتا ہوں۔'' ٹلّو اور بُلّو نرم دل خرگوش تھے ۔ انھوں نے دروازہ تھوڑا کھولا اور بھیڑیا اپنی دُم اندر کرلی۔

دو منٹ کے بعد اس نے کہا، ''آہا! مہربانی کر کے دروازہ تھوڑا اور کھول دو تاکہ میں اپنی پچھلے دونوں پاؤں بھی گرم کرلوں! میں وعدہ کرتا ہوں کہ تمہیں نقصان نہیں پہنچاؤں گا۔''

ٹلّو نے دروازہ کھول دیا۔ اسی دوران ایک بڑے برتن میں پانی گرم کرنے لگا۔ پانچ منٹ کے بعد بھیڑیے نے کہا، ''تم دونوں کتنے مہربان ہو! اب تھوڑا دروازہ کھول دو تاکہ میں اپنے اگلے دونوں پیروں کو بھی گرم کر لوں۔ گھبراؤ نہیں! مجھ سے تمہیں کوئی خطرہ نہیں ہے۔''

دونوں نے آگ پر رکھے برتن کو دیکھا۔ پانی گرم ہورہا تھا۔ انہوں نے دروازے کو تھوڑا اور کھول دیا۔ اب صرف بھیڑیے کی ناک ہی دروازے سے باہر تھی۔ دس منٹ کے بعد بھیڑیے نے کہا ''مجھے بہت اچھا محسوس ہورہا ہے ! لیکن میری ناک ابھی تک ٹھنڈی ہے۔ رحم دل خرگوش، دروازہ تھوڑا اور کھول دو تو مہربانی ہوگی۔ مجھ سے بالکل مت گھبراؤ۔ مجھ سے تمہیں کوئی خطرہ نہیں ہے۔''

ٹُلّو نے دروازہ اور کھول دیا جبکہ بُلّو گرم پانی کا برتن اٹھا لایا
۔ ”تم اپنی ناک گرم کر سکتے ہو“ ٹُلّو نے کہا۔

بھیڑیے کے جسم میں حرکت ہوئی وہ پلٹا اوردونوں کے اوپر چھلانگ لگادی۔ وہ دونوں اس کے لئے تیار تھے۔ بُلّو نے پاجی بھیڑیے پر گرم پانی انڈیل دیا!

”اُف اُف، اَو اَو، ہُو ہُو!“ بھیڑیا زور سے چیخا اور دروازے سے باہر بھاگا۔ ”میں واپس آؤں گا اور پھر تمہارے ٹکڑے ٹکڑے کردوں گا!“

ٹلّو اور بُلّو اپنے گھر کی چھت پر چڑھ کر چھُپ گئے۔

بہت جلد بھیڑیا دس اور بھیڑیے کو اپنے ساتھ لے کر واپس
آگیا۔ انہوں نے گھر کا دروازہ توڑ دیا لیکن گھر خالی تھا۔

''دیکھو، وہ دونوں وہاں ہیں!'' ان میں ایک بھیڑیا چلایا جو باہر نکل گیا تھا۔ ''اگر ہم سیڑھی بنا لیتے ہیں تو ہم ان تک پہنچ سکتے ہیں۔''

بھیڑیوں نے ایک کے اوپر ایک کھڑے ہوکر سیڑھی بنائی اور اوپر چڑھنے لگے۔ وہ چھت تک پہنچنے ہی والے تھے! ”کہ ٹلّو چلاّیا، “یہاں دیکھو! میرے پاس اور گرم پانی ہے

پانی سے جلا ہوا بھیڑیا گھبرا گیا۔ "نہیں، نہیں!
دوبارہ نہیں!"

وہ خود کو بچانے کے لئے بھاگ کھڑا ہوا۔ سیڑھی ٹوٹ گئی
اور بھیڑیے لشتم پشتم زمین پر آگرے!

ریں ریں، غر غر کرتے ہوئے بھاگ گئے اور کبھی واپس نہیں آئے۔ ٹلّو اور بلّو چھت سے نیچے اترے، دروازے کی مرمت کی اور اس کے بعد خوشی خوشی زندگی گزارنے لگے۔

Story Attribution:

This story: تھوڑا تھوڑا is translated by Faiyaz Ahmed . The © for this translation lies with Pratham Books, 2007. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Based on Original story: 'Little by Little', by Anupa Lal . © Pratham Books , 2007. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

Other Credits:

'Thoda Thoda' has been published on StoryWeaver by Pratham Books. www.prathambooks.org

Images Attributions:

Cover page: Two rabbits, by Ajit Narayan © Pratham Books, 2007. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 2: Two happy rabbits resting, by Ajit Narayan © Pratham Books, 2007. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 3: Wolf knocking on a door, by Ajit Narayan © Pratham Books, 2007. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 4: Wolf outside rabbit's house, by Ajit Narayan © Pratham Books, 2007. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 5: Rabbit boiling water, by Ajit Narayan © Pratham Books, 2007. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 6: Wolf and rabbits in a house, by Ajit Narayan © Pratham Books, 2007. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 7: Rabbit holding a pan of water, by Ajit Narayan © Pratham Books, 2007. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 8: Rabbits throwing water at wolf, by Ajit Narayan © Pratham Books, 2007. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 9: Wolf crying, by Ajit Narayan © Pratham Books, 2007. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license. Page 10: Rabbits climbing roof of a house, by Ajit Narayan © Pratham Books, 2007. Some rights reserved. Released under CC BY 4.0 license.

تھوڑا تھوڑا

(Urdu)

جب بھیڑیا نے دو چھوٹے خرگوشوں سے پناہ کی درخواست کی تو انہوں نے کیا کیا؟ تلاش کیجئے
اس مزے دار کتاب تھوڑا تھوا میں...

This is a Level 2 book for children who recognize familiar words and can read new words with help.

Pratham Books goes digital to weave a whole new chapter in the realm of multilingual children's stories. Knitting together children, authors, illustrators and publishers. Folding in teachers, and translators. To create a rich fabric of openly licensed multilingual stories for the children of India and the world. Our unique online platform, StoryWeaver, is a playground where children, parents, teachers and librarians can get creative. Come, start weaving today, and help us get a book in every child's hand!